کریں گے کہ وہ اس کتاب کو اپنے مطالعہ میں لائیں اور اس سے روحانی اور معنوی غذا حاصل کریں۔

شمائلِ رسول (صلی اللہ علیہ وسلم)

تالیف: شیخ یوسف بن اسماعیل نبہانی — ترجمہ: محمد میاں صدیقی

ناشر: مکتبہ: المعارف - گنج بخش روڈ، لاہور — صفحات: ۱۶۰ - قیمت: چھ روپے

شمائلِ رسولِ اکرم صلی اللہ علیہ وسلم کتبِ احادیث وسیر کا ایک نہایت اہم، جاذبِ توجہ اور دلکش باب ہے۔ مختلف محدثین نے انتہائی عمدہ الفاظ میں اپنی تصانیف میں سراپائے رسولِ خدا کا حسین وجمیل مرقع پیش کیا ہے۔ ایک قاری جب اس مقام پہ پہنچتا ہے تو اس پیکرِ محبوبی علیہ الف الف تحیۃ و سلام کی پوری تصویر بدل نواز آنکھوں کے سامنے گھومنے لگتی ہے۔ زیرِ نظر کتاب اسی عظیم الشان موضوع کو اپنے دامنِ صفحات میں سموئے ہوئے ہے۔ بلکہ واقعہ یہ ہے کہ یہ کتاب اس عنوان سے متعلق کتابوں پر ایک ایسا قابلِ قدر اضافہ ہے جو حضور فداہ ابی وامی کی حیاتِ طیبہ کے تمام گوشوں کی بہترین اسلوب سے وضاحت کناں ہے۔ مصنف نے اس کو حیطۂ تحریر میں لا کر، مترجم نے اس کو اردو کے قالب میں ڈھال کر اور مکتبہ المعارف نے اس کو شائع کر کے ایک عظیم دینی خدمت انجام دی ہے۔ پھر ترجمہ میں زبان کی حسن وشگفتگی اور سلاست کے ساتھ ساتھ فاضل مترجم کا اخلاص اور اس موضوع سے ان کا قلبی لگاؤ بھی شامل ہے، جو قاری کے قلب وذہن کو اپنی طرف کھینچتا ہے۔

کتاب آٹھ ابواب میں منقسم ہے۔ پہلے باب میں آنحضرت کے حسب ونسب اور آپ کے اسمائے گرامی کی وضاحت کی گئی ہے۔ دوسرے میں آپ کے حلیۂ مبارک کے بارے میں معلومات مہیا کی گئی ہیں۔ تیسرے میں آپ کے لباس، ہتھیار اور اس ضمن کے بعض دوسرے امور کی صراحت کی گئی ہے۔ چوتھے میں کھانے پینے اور سونے وغیرہ کے بارے میں آپ کے روزانہ کے معمولات بیان کیے گئے ہیں۔ پانچواں باب حضورؐ کے پاکیزہ اخلاق وعادات پر مشتمل ہے۔ چھٹا باب عبادات اور اذکار واشغال پر مشتمل ہے۔ ساتواں آپ کے مختلف احوالِ زندگی، ادعیہ اور پند ونصائح کو محیط ہے، اور آٹھواں، علاج، آپ کی عمرِ مبارک، مرض الوفات اور آپ کے وصال کے کوائف کی تفصیلات کو محتوی ہے۔

غرض کثرتِ معلومات، حسنِ مواد اور تنوع کے اعتبار سے کتاب اس لائق ہے کہ ہر شخص کے

مطالعہ میں لائی جائے۔ عورتوں، بچوں، طالب علموں، عالموں، خطیبوں، واعظوں اور عام پڑھے لکھے لوگوں کو اس کتاب کے ذریعے نبی کریم صلی اللہ علیہ وسلم کے حلیہ مبارک، معمولاتِ زندگی، گھریلو حالات، خاندانی کوائف، اخلاق و اعمال اور معاملات و کردار سے باخبر ہونا چاہیے۔

جس طرح یہ موضوع شاندار ہے، اسی طرح ظاہری لحاظ سے بھی کتاب بڑی شاندار ہے۔ کتابت عمدہ، طباعت بہتر، کاغذ اچھا، جلد خوب صورت اور سرورق دیدہ زیب۔

تاریخ فکرِ یونان

مصنف : محمد رفیق چوہان۔

ناشر : علمی کتاب خانہ لاہور

صفحات : ۱۷۶ ، سائز $\frac{۱۹\times۲۲}{۸}$ ، قیمت : ۶/۲۵ روپے

نئی تعلیمی پالیسی کے نفاذ کے بعد اس امر کی اشد ضرورت ہے کہ ـــــ علوم و فنون کو اپنی قومی زبان اردو میں منتقل کرنے کی طرف زیادہ سے زیادہ توجہ کی جائے۔ اردو ایک ترقی پذیر زبان ہے اور اس میں علوم و فنون کی اصطلاحات اور پیرایۂ اظہار کو اپنے اندر سمو لینے کی صلاحیت موجود ہے۔ لہٰذا اسے نہ صرف ابتدائی اور ثانوی سطح پر بلکہ بی۔اے اور ایم۔اے کے درجے پر بھی ذریعہ تعلیم کے طور پر اپنانا ہمارے قومی مفادات کا اولین تقاضا ہے

تاریخ فکرِ یونان اسی جذبے کے تحت لکھی گئی ہے۔ فلسفۂ یونان کا تنقیدی مطالعہ مختلف جامعات نے بی اے کے نصاب میں شامل ہے لیکن عام قارئین کی طرح طلبا بھی انگریزی زبان میں فلسفۂ یونان کے مطالعہ میں دقت محسوس کرتے ہیں۔ جناب محمد رفیق چوہان نے تاریخ فکرِ یونان لکھ کر یہ مشکل حل کر دی ہے۔ اب طلبا ایک اجنبی زبان کے پیچیدہ اسلوبِ بیان سے نجات حاصل کرکے اپنی قومی اور مادری زبان میں فلسفۂ یونان کا بآسانی مطالعہ اور تجزیہ کر سکیں گے اور اس طرح طلبا میں فلسفے کو بطور انتخابی مضمون اختیار کرنے کی ترغیب پیدا ہوگی۔